**25.07.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...... مہتاب عالم

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں 25-2024 کے بجٹ پر بحث دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اپوزیشن پر الزام لگایا ہے کہ وہ بجٹ کی بحث پر سیاست کررہی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی 25ویں کرگل وجے دوس کے موقعے پر کل کرگل جنگی یادگار جائیں گے۔

☆ گجرات اور مہاراشٹر کے بعض حصوں میں شدید بارش نے تباہی مچائی ہے۔ IMD نے اگلے چند روز میں مغربی اور وسطی حصوں میں شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر تین دن کے دورے پر Laos پہنچ گئے ہیں جہاں وہ آسیان طریقۂ کار میٹنگز میں حصہ لیں گے۔

☆ اور اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے امریکی پارلیمنٹ کے ایک مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ انھوں نے غزہ پٹی میں حماس کے خلاف جنگ کیلئے امریکہ کی مدد مانگی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**RIJIJU OPPOSITION**

پارلیمنٹ میں مرکزی بجٹ پر بحث دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے آج اپوزیشن رہنماؤں پر یہ الزام لگاتے ہوئے اُن کی نکتہ چینی کی کہ انھوں نے ملک کے فیصلے کی توہین کی ہے۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ ملک یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ بجٹ پر بحث اچھے اور بامعنی طریقے سے ہو۔ انھوں نے مزید کہا کہ بعض پارٹیوں کے رہنماؤں نے جس طریقے سے تبصرہ کیا ہے اور جس انداز میں انھوں نے تقریریں

کی ہیں وہ ایوان کے وقار کو گرا کر اُس کی توہین ہے۔ انھوں نے اپوزیشن پارٹیوں سے کہا کہ وہ عوام کے فیصلے کا احترام کریں۔ وزیراعظم نریندر مودی کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ انتخابات ختم ہوچکے ہیں اور اب وِکست بھارت کے تئیں کام پر توجہ مرکوز کی جانی چاہئے اور مرکزی بجٹ پر تعمیری بحث ہونی چاہیے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن رہنماؤں نے بجٹ کے بارے میں کچھ نہیں کہا ہے۔ انھوں نے محض سیاست کی ہے اور وزیراعظم کو برا بھلا کہا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر نے کہا کہ سیاسی پارٹیوں کے ایوان کے رہنماؤں کو چاہیے کہ وہ ارکان کو ہدایت دیں کہ وہ ہنگامہ آرائی نہ کریں اور پارلیمنٹ میں مہذب اور شائستگی کے ساتھ بحث کریں۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ کا مقصد بھارت کو تیسری سب سے بڑی معیشت بنانا ہے اور بنیادی ڈھانچے ، سبھی شعبوں، خواتین ، روزگار اور کسانوں کیلئے رقم مختص کی گئی ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ اگر اپوزیشن نہیں سمجھے گی تو عوام انھیں سزا دے گی۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی عوام کی وجہ سے تیسری مرتبہ اقتدار میں آئے ہیں اور اپوزیشن اِسے الگ انداز میں پیش کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

**LS-BJP MEMBER**

کانگریس اور ترنمول کانگریس نے کل لوک سبھا میں بجٹ پر بحث کے دوران اپنی تقریر میں BJP ممبر ابھجیت گنگوپادھیائے کی رائے زنی پر اعتراض ظاہر کیا ہے۔ ایوان میں اُن کے اور کانگریس کے رُکن پارلیمنٹ گورو گگوئی کے درمیان گرما گرم بحث ہوئی تھی۔

آج صبح جب ایوان زیریں کی کارروائی شروع ہوئی تو کانگریس اور TMC کے ارکان نے، اُن کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے یہ معاملہ اٹھایا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ ممبر پارلیمنٹ کی جانب سے کی گئی رائے زنی مناسب نہیں ہے اور یہ ایوان کے وقار کے خلاف ہے۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ اُن کی رائے زنی پر، انہیں وارننگ دی گئی ہے۔ انہوں نے سبھی ارکان سے ایوان کا وقار برقرار رکھنے کی اپیل کی۔×

**LS-GADKARI NH**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج بتایا کہ بھارت کی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI نے گرین فیلڈ کوریڈور کے طور پر پانچ ایکسپریس وے اور محدود رسائی والی 22 شاہراہیں شروع کی ہیں جس کی کُل لمبائی 9 ہزار 860 کلو میٹر ہے۔ آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں جناب گڈکری نے کہا کہ ایکسپریس وے اور محدود رسائی والی شاہراہوں کی منظور اور یا تخمینہ پروجیکٹ کی لاگت چار لاکھ 19 ہزار 130 کروڑ روپے ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2022-23 میں 969 کلو میٹر قومی شاہراہ پروجیکٹ، جبکہ 2023-24 میں 612 کلو میٹر دیئے گئے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اُن کی وزارت نئے قومی شاہراہ پروجیکٹوں کو دیئے جانے کے عمل میں تیزی لانے کی ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ مختلف سطحوں پر متعلقہ فریقوں کے ساتھ لگاتار میٹنگیں کی جارہی ہیں تاکہ منظوری دیئے جانے کے سلسلے میں کارروائی کی جاسکے۔X

**PARLIAMENT-JOSHI**

صارفین کے اُمور، خوراک اور عوامی نظام تقسیم کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج مبینہ Muda گھپلے کے سلسلے میں کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدا رمیا کے استعفے کی مانگ کی ہے۔ جناب جوشی پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت کر رہے تھے، انہوں نے مبینہ طور پر کہا کہ وزیراعلیٰ اس گھپلے میں براہ راست ملوث ہیں اور اس معاملے کو CBI کو سونپ دینا چاہیئے۔×

**LS-LAW AND ORDER IN J&K**

جموں و کشمیر میں 2023 کے بعد سے منظّم پتھراؤ اور منظّم ہڑتال کا ایک بھی واقعہ نہیں ہوا ہے اور وہاں غیر ملکی سیاحوں کی آمد میں ڈھائی گنا تک اضافہ ہوا ہے۔ آئین کی دفعہ 370 منسوخ کیے جانے کے بعد سے جموں و کشمیر میں امن و قانون کی مجموعی صورتحال میں قابل قدر بہتری آئی ہے۔

امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیا نند رائے نے راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں کہا کہ دفعہ 370 منسوخ کیے جانے کے بعد سے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں امن، پیشرفت اور خوشحالی کا دور آیا ہے۔ اسکول، کالج، یونیورسٹیاں، اسپتال اور دیگر عوامی ادارے گذشتہ چار سال کے دوران بلا رکاوٹ کام کرتے رہے ہیں اور کسی طرح کی ہڑتال یا کسی طرح کا خلل نہیں پڑا ہے۔ امن و قانون کی صورتحال بہتر ہونے کے تناظر میں جموں و کشمیر میں 2023 میں دو کروڑ 11 گیارہ لاکھ سیاح پہنچے۔x

**PM KARGIL VIA DIWAS**

وزیراعظم نریندر مودی 25ویں کرگل وجے دوس کے موقعے پر کل کرگل جنگی یادگار پر جائیں گے۔ وہ اُن فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے جنھوں نے اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے عظیم قربانی دی۔ جناب مودی ورچوئل طریقے سے Shinkun La سُرنگ پروجیکٹ کے پہلے بلاسٹ کی کارروائی بھی انجام دیں گے۔ چار اعشاریہ ایک کلو میٹر طویل یہ سرنگ Nimu-Padum-Darcha Road پر تقریباً 15 ہزار 800 فٹ کی بلندی پر تعمیر کی جائے گی، جو ہر موسم میں لیہہ کیلئے رابطہ فراہم کرے گی۔ مکمل ہونے کے بعد یہ دنیا کی سب سے بلند سرنگ ہوگی۔ Shinkun La سرنگ نہ صرف ہماری مسلح افواج کی تیز رفتار اور موثر نقل وحرکت کو یقینی بنائے گی بلکہ لداخ میں اقتصادی اور سماجی ترقی کو فروغ بھی حاصل ہوگا۔X

## ARVIND KEJRIWAL ARREST

دلّی کی راؤز ایونیو عدالت نے، آج ایکسائز پالیسی گھپلے کے سلسلے میں دلّی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی عدالتی تحویل میں 8 اگست تک توسیع کردی ہے۔ جناب کجریوال کو اس معاملے میں مرکزی جانچ بیورو کی شکایت پر دھچکا لگا ہے۔ انہیں تہاڑ جیل سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ عدالت کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس سے قبل سپریم کورٹ نے اس مہینے میں 12 جولائی کو جناب کجریوال کو اُس ایکسائز پالیسی گھپلے سے متعلق انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے دائر کردہ معاملے میں عبوری ضمانت دے دی تھی، جو اب منسوخ کردی گئی ہے۔ تاہم وزیراعلیٰ تہاڑ جیل میں ہی رہے، کیونکہ انہیں مبینہ گھپلے سے متعلق بدعنوانی کے ایک معاملے میں CBI نے علیحدہ سے گرفتار کرلیا تھا۔×

## IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ کچھ روز کے دوران ملک کے مغربی اور وسطی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ گجرات، کونکن، گوا اور مہاراشٹر میں کل تک شدید بارش جاری رہے گی اور اس کے بعد شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ ساحلی کرناٹک اور اڈیشہ کے کچھ مقامات پر بھی کل تک بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ دلّی میں محکمہ موسمیات نے اس ماہ کی 28 تاریخ تک عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے کے ساتھ ساتھ اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

## JAISHANKAR LAOS VISIT

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر آسیان طریقہ کار سے متعلق میٹنگوں میں شرکت کیلئے تین روزہ دورے پر لاؤس کے Vientiane پہنچ گئے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ ایک ایسے موقع پر آسیان کے ساتھ بھارت کے تعلقات مزید مستحکم ہونے کے منتظر ہیں، کہ جب بھارت کی مشرق نواز پالیسی کی ایک دہائی مکمل ہورہی ہے۔×

## NETANYAHU-US CONGERSS

اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے آج صبح واشنگٹن DC میں امریکی کانگریس سے خطاب کیا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے فلسطین کے خلاف 9 مہینے سے جاری جنگ کے سلسلے میں بڑھتی عالمی تنقید کے درمیان، خاص طور سے ہتھیاروں کی سپلائی کے معاملے میں، امریکہ سے مدد طلب کی۔ انہوں نے مغربی ایشیاء کی سلامتی سے متعلق اتحاد کو وُسعت دینے کیلئے اسرائیل اور عرب ممالک کے درمیان مستقبل میں شراکت داری کا بھی ذکر کیا۔ جناب نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی کو یقینی بنانے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت جنگ کے بعد کے غزہ کا تصور

رکھتی ہے، جہاں نہ تو فوج کی موجودگی ہو اور نہ ہی شدت پسندوں کی۔ درجنوں ڈیموکریٹس نے جناب نیتن یاہو کی رائے زنی کا بائیکاٹ کیا ہے اور ہزاروں فلسطین حامی مظاہرین نے احتجاج کیا۔×

## AMARNATH YATRA JAMMU

امرناتھ گپھا کے درشن کرنے کیلئے 3 ہزار نواسی یاتریوں کا ایک اور جتھ جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس بنیادی پڑاوٴ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری آج صبح سویرے 106 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی پڑاوٴ سے روانہ ہوئے۔ اِس جتھے میں 2 ہزار 247 مرد، 745 خواتین، 73 سادھو، 22 سادھویاں اور 2 مخنث افراد شامل ہیں۔اِن میں سے ایک ہزار 286 یاتری بالتل بنیادی پڑاوٴ کیلئے جبکہ ایک ہزار 803 پہلگام بنیادی پڑاوٴ کیلئے روانہ ہوا، جہاں سے وہ پوِتر گپھا کیلئے اپنے آگے کے سفر پر روانہ ہوں گے۔x

## BIDEN ELECTION

امریکی صدر جوبائیڈن نے 2024 کے صدارتی چناوٴ سے اپنا نام واپس لینے کو جمہوریت کو بچانے سے تعبیر کیا ہے۔ آج وائٹ ہاوٴس سے اُوول آفس سے ملک سے خطاب کرتے ہوئے جناب بائیڈن نے کہا کہ وہ نئی نسل کو مشعل سونپ رہے ہیں۔ جناب بائیڈن نے مزید کہا کہ نائب صدر کملا ہیرس نومبر انتخابات میں ڈونلڈ ٹرمپ کا سامنا کرنے کیلئے پوری طرح اہل ہیں۔×

## PARIS OLYMPICS

پیرس اولمپکس 2024 میں افتتاحی تقریب سے ایک دن قبل آج بھارت کا سفر شروع ہوا ہے۔ تیر انداز دیپیکا کماری، انکتا Bhakat ، بھجن کور اور بی دھیرج کے ساتھ ساتھ ترون دیپ رائے اور پروین جادھو انفرادی درجہ بندی راوٴنڈ میں مقابلہ کررہے ہیں۔ بھارتی کھلاڑی تیر اندازی میں اولمپک میڈل جیتنے کی پوری کوشش کریں گے۔ بقیہ مرحلے 28 جولائی سے 4 اگست تک ہوں گے۔x

-------------------------------------------